PhD (Education)/E.T/2020

| | | |
|---|---|---|
| دستخط نگران کار | | **Booklet Serial No.** |

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (ایجوکیشن) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2020

## PhD (Education) Entrance Test - 2020

## Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔

2. یہ پرچۂ سوالات کل 20 صفحات پر مشتمل ہے۔ آخری کے 4 صفحات (Rough Work) کے لیے ہیں۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔

3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔

4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔

6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔

7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہء سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

☆☆☆

# (Part A) حصہ اول

## Research Methodology

1. عملی تحقیق کے مقاصد میں شامل ہے۔

(A) نئے نظریات کی تشکیل میں بہتری
(B) تقسیم کار میں بہتری
(C) موجودہ صورت حال میں بہتری
(D) ماہرین سے اشتراک میں بہتری

2. اگر زیر مطالعہ آبادی کی تمام اکائیوں تک پہونچا جاسکتا ہو تو یہ آبادی کہلاتی ہے؟

(A) قابل غیر رسائی آبادی (Inaccessible Population)
(B) قابل رسائی آبادی (Accessible Population)
(C) قابل غیر بقاء آبادی (Unsustainable Population)
(D) قابل بقاء آبادی (Sustainable Population)

3. اساتذہ کے لیے تعلیم میں تحقیق کیوں اہم ہے؟

(A) ان کی تعلیمی لیاقت میں اضافہ ہوتا ہے
(B) وہ بہتر دانشمند بنتے ہیں
(C) وہ بہتر استاد بنتے ہیں
(D) کیا اور کیسا پڑھا جائے اس سے متعلق بہترین فیصلہ کرنے کے قابل بنتے ہیں

4. ذیل میں سے کون سا بیان صحیح نہیں ہے؟

(A) کوئی جانچ (Test) معقول (Valid) نہ ہونے کے باوجود معتبر (Reliable) ہوسکتی ہے
(B) کوئی جانچ (Test) معتبر (Reliable) اور معقول (Valid) دونوں بھی ہوسکتی ہے
(C) کوئی جانچ، معتبر (Reliable) ہوئے بغیر معقول (Valid) نہیں ہوسکتی ہے
(D) کوئی جانچ معتبر (Reliable) نہ ہونے کے باوجود معقول (Valid) ہوسکتی ہے۔

5. معطیات کے کیا معنی ہیں؟

(A) حقائق (Facts)
(B) سچائیاں (Truths)
(C) مشاہدہ (Observation)
(D) حاصل کردہ نشانات (Marks Obtained)

6. سوالنامے کی تشکیل میں کون سی بات ناپسندیدہ ہے؟

(A) ایسی غیر ضروری معلومات حاصل کرنا جو سوالنامے کی طوالت میں اضافہ کرے
(B) سوالات میں ابہام نہ پیدا کرنے کی کوشش کرنا
(C) ممکنہ طور پر آسان اور مناسب ترین الفاظ کا استعمال کرنا
(D) ایسے سوالات کو شامل نہ کرنا جن کے جوابات دینا لوگ پسند نہیں کریں گے یا صحیح جواب نہیں دیں گے۔

7. نوعیت (Nature) کے لحاظ سے معطیات کی قسم / قسمیں کون سی ہے / ہیں؟

(A) معیاری (Qualitative)
(B) مقداری (Quantitative)
(C) معیاری اور مقداری
(D) نہ معیاری نہ مقداری

8. درج ذیل میں سے کون بقیہ تین کے گروہ سے غیر متعلق ہے؟

(A) معیاری معقولیت (Criterian Validity)
(B) تعمیری معقولیت (Construct Validity)
(C) تنقیدی معقولیت (Critical Validity)
(D) موادی معقولیت (Content Validity)

9. تعلیمی تحقیق میں کن تکنیکوں کا سب سے زیادہ استعمال ہوتا ہے؟

(A) سوالنامہ (Questionnaire)
(B) ملاقات (Interview)
(C) مشاہدہ (Observation)
(D) معاشرہ پیمائی (Sociometry)

10. مقداری تحقیق (Quantitative Research) میں معطیات (Data) کے تجزیہ کے لیے شماریاتی تکنیک کے انتخاب کا انحصار کس پر نہیں ہوتا ہے؟

(A) جانچ کی طاقت (The power of the test)
(B) نمونہ بندی کی قسم (Kind of Sampling)
(C) آبادی کی نوعیت (Nature of Population)
(D) دستیاب وقت (Available Time)

11. اس مطالعے کو کیا کہتے ہیں جس میں عمر کی مختلف سطحوں پر ایک ہی گروہ کی شخصی خصوصیات (Personal Characteristics) کی ارتقائی تبدیلیوں کو بیان کیا جاتا ہے؟

(A) ارتقائی مطالعہ (Developmental Study)
(B) رجحانی مطالعہ (Trend Study)
(C) طولانی نشو ونما کا مطالعہ (Longitudinal Growth Study)
(D) عمودی نشو ونما کا مطالعہ (Cross-Sectional Growth Study)

12. Van Dalen کے مطابق بیانیہ تحقیق (Descriptive Research) میں شامل ہے / ہیں۔

(A) سروے مطالعات (Survey Studies)
(B) بین تعلقات مطالعات (Inter Relationship Studies)
(C) ارتقائی مطالعات (Developmental Studies)
(D) یہ سب (All of these)

13. JRF - Test کسی امیدوار کی مجموعی کامیابی میں کتنا حصہ ادا کرتا ہے اس بات کو معلوم کرنے کے لیے شماریاتی تجزیے کا سب سے بہترین طریقہ کونسا ہوگا

(A) F-Test
(B) خطی رجعت کا طریقہ (Linear Regression Method)
(C) t-test
(D) معامل ارتباطی طریقہ (Product-moment Correction)

14. کون سانفسیاتی آلہ (Psychological Test) سب سے زیادہ معروضی (Objective) ہے۔
(A) موضوعی تحسینی جانچ (Thematic Appreciation Test)
(B) Rorschach Test
(C) ملاقات (Interview)
(D) ذہانتی جانچ (Intelligence Test)

15. Type I Error کو کس سے ظاہر کیا جاتا ہے؟
(A) الفا $\alpha$
(B) بیٹا $\beta$
(C) گاما $\gamma$
(D) $\overline{x}$

16. داخلی خارجی تنقید کے تصورات (Concepts of Internal External Criticism) کا تعلق کس قسم کی تحقیق سے ہے۔
(A) بیانیہ (Descriptive)
(B) تجرباتی (Experimental)
(C) تاریخی (Historical)
(D) ادبی (Literary)

17. کسی (Distribution) کے ہر عنصر (Item) میں ایک مقدار X (Value) جمع کرنے پر حاصل ہونے والی نئی سیریز (Series) کا حسابی اوسط ہوگا
(A) $\overline{X} + X$
(B) $\overline{X} + X.N$
(C) $\overline{X} + \frac{N}{X}$
(D) $\overline{X} + \Sigma X.N$

18. اگر دو خطوط رجعت (Regression Lines) اس طرح ہوں 6x+y-31=0, 3x+2y-26=0 تو $\overline{x}$ اور $\overline{y}$ کی کیا قیمتیں ہوں گی۔
(A) 4,7
(B) 3,8
(C) 5,8
(D) 9,11

19. نمائندہ سر اختلاف (The Co-efficient of Variation) کو عموماً کس میں ظاہر کیا جاتا ہے۔
(A) نسبت (Ratio)
(B) فی صد (Percentage)
(C) اوسط (Average)
(D) ان میں سے کوئی نہیں

20. عمودی بار (Vertical Bars) کا ایسا سیٹ جس کے رقبے (Areas) ظاہر کی جانے والی تعددات (Frequencies) کے تناسب میں ہوں۔ کہلاتا ہے
(A) تعددی کثیر الاضلاع (Frequency Polygon)
(B) نسیجی ترسیم (Histogram)
(C) پائی چارٹ Pie-Chart
(D) ان میں سے کوئی نہیں

21. اگر کوئی (Distribution) اس طرح ہو۔

| X | F |
|---|---|
| 0-10 | 4 |
| 10-20 | 6 |
| 20-30 | 5 |
| 30-40 | 10 |
| 40-50 | 20 |
| 50-60 | 22 |
| 60-70 | 24 |
| 70-80 | 6 |
| 80-90 | 2 |
| 90-100 | 1 |

تو اس Distribution کی Model Class ہے۔

(A) 50-60
(B) 40-50
(C) 60-70
(D) 50-60 اور 60-70

22. اگر $\overline{X} = X$ (3M-Z) ہو تو X کی قیمت ہے۔

(A) 1/2
(B) 1/3
(C) 2
(D) 1

23. درج ذیل میں کون غیر مستحکم ترین (Most Unstable) اوسط (Average) ہے۔

(A) حسابی اوسط (Arithmetic Mean)
(B) وسطانیہ (Median)
(C) بہتاتیہ (Mode)
(D) ہندسی اوسط (Geometric Mean)

24. $O_1\ O_2\ O_3\ O_4\ X\ O_5\ O_6\ O_7\ O_8$ یہ کس قسم کے ڈیزائن کی مثال ہے۔

(A) One group pretest posttest design
(B) Multiple time series design
(C) Pretest - Posttest control group design
(D) Time series design

25. Regression Model $Y = b_0 + b_1x_1 + b_2 x_2 + U$ کے لیے

(A) $X_1$ $X_2$ آزاد متغیرات ہیں
(B) Y ایک پیش گو متغیر (Predictor Variable) ہے
(C) $b_0$ پیش گو متغیر ہے
(D) ان میں سے کوئی بھی صحیح نہیں ہے

26. Null Hypothesis کا کیا مطلب ہے؟

(A) دو پیرامیٹرک ذرائع کے مابین فرق صفر ہے
(B) فرق نمونے لینے میں غلطی کی وجہ سے ہے
(C) یہ دونوں
(D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

27. نظریہ محقق کی مدد کرتا ہے:

(A) تحقیقی کے طریقہ کار کی تفہیم میں
(B) تحقیقی مسئلے کے تناظر میں غور کرنے کے لئے درکار حقائق کی نشاندہیں
(C) تحقیق میں استعمال ہونے والی تکنیکی اصطلاحات کو سمجھنے میں
(D) مشاہدات کو بنانے یا ریکارڈ کرنے کو طے کرنے میں

28. تحقیق کے بارے میں کیا صحیح نہیں ہے؟

(A) تحقیق اس لئے شروع کی جاتی ہے کہ کسی نے سوال پوچھا ہے اور اس کا جواب دینا ہوگا۔
(B) تحقیق میں ایسے خیالات کے بارے میں غور و خوض کرنا شامل ہے جس کے بارے میں بہت کم معلوم ہے۔
(C) تحقیق کی منصوبہ بندی کرنی پڑتی ہے کیونکہ یہ معلومات کو اکٹھا کرنے کا ایک سائنسی طریقہ ہے.
(D) تحقیق کی ضرورت ہے اگر اس کا مقصد علم کی حد کو بڑھانا ہے یا اسے زیادہ پیچیدہ بنانا ہے۔

29. تحقیقی مسئلے کی تفصیل میں کیا شامل نہیں ہوتا ہے؟

(A) مطالعے کا پس منظر
(B) نظریات جس پر یہ مبنی ہے
(C) اس کے بنیادی مفروضے
(D) تحقیق کا لیا گیا جائزہ

30. اگر کسی تحقیق کے نتائج میں تعلیمی نمونوں کو بہتر بنانے کے لئے عملی مضمرات ہوں تو، اسے کہا جاتا ہے:

(A) خالص تحقیق(Pure Research)
(B) اطلاقی تحقیق(Applied Research)
(C) وضاحتی تحقیق(Descriptive Research)
(D) تجرباتی تحقیق(Experimental Research)

31. اندرونی۔ بیرونی تنقیدوں کے تصورات کس سے منسلک ہیں؟

(A) تحقیق کے تجرباتی ڈیزائن کی درستگی(Validity)
(B) وضاحتی تحقیق(Descriptive research)
(C) تاریخی تحقیق(Historical research)
(D) ادبی تحقیق(Literary research)

32. سروے تحقیق کے طریقہ کار کی سب سے اہم خصوصیت کون سی ہے؟

(A) یہ ایک چھوٹے سے نمونہ پر انحصار کرتا ہے۔
(B) یہ کسی فرد کی بجائے کسی گروپ کی خصوصیات کا مطالعہ کرتا ہے۔
(C) اس کا مقصد کچھ نظریہ یا سائنسی قوانین تیار کرنا ہے۔
(D) اس میں متغیر کے مابین وجہ۔ اثر رشتہ کے مطالعہ پر توجہ دی جاتی ہے۔

33. ٹائپ-I غلطی (Type-I error) کب بڑھتی ہے؟

(A) جب الفا کی سطح (Alpha-level) کم ہو جائے۔
(B) جب الفا کی سطح (Alpha-level) میں اضافہ ہوتا ہے۔
(C) جب نمونے کا سائز بڑھ جاتا ہے۔
(D) جب نمونے کا سائز کم ہو جائے۔

34. کیس اسٹڈی (Case study) ایک مطالعہ ہے:

(A) سنگل گروہ
(B) سنگل فرد
(C) سنگل طبقہ یا کنبہ
(D) عمل اور اس کی حرکیات کے بنیادی مسائل اور اس کے کام کو سامنے لانے کے لئے سنگل یونٹ بھرپور طریقے سے کام کرتا ہے۔

35. ارتباطی مطالعات (Correlational studies) سے کیا ظاہر ہوتا ہے؟

(A) دونوں متغیروں کے مابین کوئی رشتہ ہے یا نہیں۔
(B) متغیروں کے مابین کتنا رشتہ ہے اور کس طرح کا۔
(C) کون سا متغیر وجہ ہے اور کونسا اثر ہے۔
(D) ان میں سے کوئی بھی نہیں۔

36. بے ترتیب نمونے (Random sampling) لینے میں مدد ملتی ہے کیونکہ یہ ہے:

(A) ڈیٹا اکٹھا کرنے کا ایک کفایتی طریقہ
(B) ذاتی تعصب سے پاک
(C) معقول حد تک درست
(D) مندرجہ بالا سبھی

37. ایکشن ریسرچ کا مطلب ہے؟

(A) ایک طولانی تحقیق (Longitudinal research)
(B) ایک اطلاق شدہ تحقیق (Applied research)
(C) فوری طور پر دشواری کے حل کے لئے شروع کی گئی ایک تحقیق
(D) سماجی واقتصادی مقصد کے ساتھ ایک تحقیق

38. مقالہ کے بنیادی اجزاء یہ ہیں:

(A) تعارف؛ ڈیٹا اکٹھا کرنا؛ ڈیٹا کا تجزیہ؛ نتائج اور سفارشات۔
(B) ایگزیکٹوسمری؛ ادب کا جائزہ؛ ڈیٹا اکٹھا کرنا؛ نتائج؛ کتابیات۔
(C) تعارف؛ ادب کا جائزہ؛ تحقیقی طریق کار؛ نتائج؛ بحث؛ نتیجہ اخذ کرنا۔
(D) ریسرچ پلان؛ تحقیق کے اعداد وشمار؛ تجزیہ؛ حوالہ جات

39. تجرباتی تحقیقات میں اس عمل کی ضرورت نہیں ہے:

(A) حوالہ جمع (Reference collection)
(B) کنٹرولنگ (Controlling)
(C) مشاہدہ (Observation)
(D) ہیرا پھیری اور نقل (Manipulation and replication)

40. مندرجہ ذیل میں سے کون سے متغیرات کو تجرباتی تحقیق میں کنٹرول کیا جاتا ہے:

(A) آزادانہ متغیرات(Independent variables)
(B) معتدل متغیرات(Moderate variables)
(C) منحصر متغیرات(Dependent variables)
(D) بیرونی متغیرات(Extraneous variables)

41. دو متغیر X اور Y آپس میں باہمی تعلق رکھتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ دو متغیر؟

(A) ایک دوسرے میں تغیر پیدا کرتے ہیں
(B) ایک ہی خوبی کی پیمائش کرتے ہیں
(C) ایک ساتھ متنوع
(D) آزادانہ طور پر مختلف ہیں

42. مندرجہ ذیل میں سے کون سا متغیر مستقل ہے؟

(A) اسکول کے بارے میں رویہ
(B) کسی علاقے میں خاندانی سائز
(C) کالج کے طلبا کی ازدواجی حیثیت
(D) کارکنوں کی مذہبی وابستگی

43. جب ایک غیر سمتی (Non Directional) مفروضے کو بیان کیا جاتا ہے تو اہمیت کی جانچ ہوگی:

(A) ایک ٹیلڈ
(B) دو ٹیلڈ
(C) A اور B دونوں
(D) مندرجہ بالا میں سے کوئی بھی نہیں

44. مثبتیت پسندانہ تحقیقی طرز رسائی کی حمایت کی ہے:

(A) فرانسس بیکن(Francis Bacon)
(B) اسٹینلے اور کیمبل(Stanley and Compbell)
(C) اگست کامٹے(Auguste Comte)
(D) ببیٹ(Babbit)

45. تغیر کی مستحکم پیمائش مندرجہ ذیل میں سے کون سی ہے؟

(A) رینج(Range)
(B) چوتھائی انحراف(Quartile deviation)
(C) اوسط انحراف(Mean deviation)
(D) معیاری انحراف(Standard deviation)

46. کسی بھی تحقیق کی گہرائی کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے:

(A) تحقیق کا عنوان
(B) تحقیق کے مقاصد
(C) تحقیق پر کل اخراجات
(D) تحقیق کا دورانیہ

47. تحقیق کی اخلاقیات کا براہ راست تعلق تحقیق کے کون سے مرحلے کے ساتھ ہوتا ہے؟

(A) تحقیق کی وسعت کی وضاحت اور حد بندی۔
(B) مسئلہ کی تشکیل اور تحقیق کے نتائج کی اطلاع دہندگی۔
(C) آبادی کی وضاحت اور تحقیق کے نمونے لینے کی تکنیک کا فیصلہ۔
(D) شماریاتی تکنیک اور ڈیٹا تجزیہ کے بارے میں فیصلہ کرنا۔

48. کیفیتی تحقیق(Qualitative Research) مثال میں مندرجہ ذیل میں سے کون سی خصوصیت کو اہم سمجھا جا سکتا ہے؟

(A) معیاری تحقیقی آلات کے ساتھ ڈیٹا اکٹھا کرنا۔

(B) امکان کے نمونے کی تکنیک (Probability sample technique) کے ساتھ نمونے لینے کا ڈیزائن۔

(C) نیچے سے اوپر کے تجرباتی ثبوتوں کے ساتھ ڈیٹا اکٹھا کرنا۔

(D) اوپر سے نیچے منظّم شواہد کے ساتھ ڈیٹا جمع کرنا۔

49. تحقیق کے حصول کے لئے مندرجہ ذیل میں کون سا ابتدائی لازمی تقاضا ہے؟

(A) تحقیقی ڈیزائن تیار کرنا۔

(B) تحقیقی سوال تیار کرنا۔

(C) ڈیٹا تجزیہ کے طریقہ کار کے بارے میں فیصلہ کرنا۔

(D) تحقیقی مفروضے کی تشکیل۔

50. مندرجہ ذیل میں سے کون سا غیر پیرامیٹرک ٹیسٹ نہیں ہے؟

(A) ٹی ٹیسٹ(t-test)

(B) سائن ٹیسٹ(Sign test)

(C) کائی اسکوائیر ٹیسٹ(Chi-square test)

(D) رن ٹیسٹ(Run test)

## حصہ دوم (Part B)

51. کسی فلاحی حکومت (Welfare State) کا پہلا اصول ہے۔

(A) ضرورت مندوں کے لیے فلاحی پروگرام

(B) پچھڑے طبقات کے لیے اسکالرشپ

(C) لوگوں کے لیے یکساں مواقع

(D) اقلیتوں کے لیے انصاف

52. تعلیم کا سیاسی مقصد ہے۔

(A) جمہوریت (Democracy)

(B) لامذہبیت (Secularism)

(C) دستوریت (Constitutionalism)

(D) آفاقیت (Cosmopolitanism)

53. سمکارا کے مطابق دنیا کیا ہے؟

(A) حقیقی (Real)

(B) غیر حقیقی (Unreal)

(C) فریب نظر (Illusory)

(D) ان میں سے کوئی نہیں

54. تعلیم میں حقیقت (Realism in Education) کے مطابق استاد کے ذہن پر سب سے زیادہ غالب ہونی چاہیے۔
(A) طریقۂ تدریس (Method of Teaching)
(B) جو کچھ پڑھایا جائے اس کی قدر و اہمیت (The value and significance of what is taught)
(C) بچے کی فطرت (Nature of Child)
(D) پڑھائے جانے والے مواد مضمون کی تنظیم (Organisation of the content to be taught)

55. مابعدالطبیعیات (Metaphysics) کا موضوع ہے۔
(A) اقدار (Values)
(B) حسن (Beauty)
(C) علم (Knowledge)
(D) حقیقت (Reality)

56. جذباتی تجربات (Ecmotional Experiences) ہوتے ہیں۔
(A) معروضی (Objective)
(B) موضوعی (Subjective)
(C) غیر شخصی (Impersonal)
(D) نامعلوم (Not Known)

57. Ausuble کے مطابق (Concept Mapping) کیا ہے؟
(A) تدریسی نمونہ (Teaching Model)
(B) نظم وضبط کی تکنیک (Discipline Technique)
(C) تعین قدر کی طرز رسائی (Evaluation Approach)
(D) تدریسی حکمت عملی (Teaching Strategy)

58. بین شخصی (Interpersonal) مہارت کے حامل طلبہ کی تدریس کے لیے موزوں ترین ہے۔
(A) گروہی سرگرمیاں (Group Activities)
(B) نغماتی / موسیقیاتی سرگرمیاں (Musical Activities)
(C) مصوری کی سرگرمیاں (Drawing Activities)
(D) جسمانی سرگرمیاں (Physical Activities)

59. انسانی زندگی کے کس دور میں جسمانی، ذہنی اور شخصیت کے فروغ کی بنیادیں استوار ہوتی ہیں۔
(A) شباب (Adulthood)
(B) عنفوان شباب (Adolescence)
(C) بچپن (Childhood)
(D) طفولیت (Infancy)

60. ایسا طریقہ جس میں ایک وقت میں صرف ایک شخص پر غور کرتے ہوئے اس کی مطابقت (Adjustment) کو فروغ دیا جاتا ہے۔
(A) کیس مطالعہ (Case Study)
(B) سوالنامے کا طریقہ (Questionnaire Method)
(C) تشخیصی طریقہ (Clinical Method)
(D) تجرباتی طریقہ (Experimental Method)

61. بلیوٹوتھ Radio wave information transmission system کی قسم ہے جو تقریباً اس فاصلے پر بہتر کام کرتی ہے۔
(A) 30 Feet
(B) 30 Yards
(C) 30 Miles
(D) 30 Meters

62. LCD پروجیکٹر جو کہ (Presentation) دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اس میں LCD سے مراد ہے۔

(A) Light Crystal Display
(B) Liquid Compact Display
(C) Light Compact Display
(D) Liquid Crystal Display

63. Web Page Address کا نام ہے۔

(A) Directory
(B) Protocol
(C) URL
(D) Domain

64. ذیل میں بقیہ تین کے گروہ سے مختلف ہے۔

(A) Skype
(B) Minitab
(C) Zoom
(D) Go to Meeting

65. جنیاتی مرضیات (Genetic Epistemology) کا بانی کون ہے؟

(A) Bruner
(B) Vyotsky
(C) Piaget
(D) Dewey

66. قومی تعلیمی پالیسی (2019) (ڈرافٹ) کے مطابق CESD کس کا مخفف ہے؟

(A) Children's Education & Social Division
(B) Contractual Education Staff Division
(C) Central Educational Statistics Division
(D) Critical Education support Division

67. حیاتیاتی گیس (Biogas) سے متعلق صحیح بیان کی نشاندہی کیجیے۔

(A) آتش فشانوں (Volcanos) سے خارج ہونے ولی گیسوں کا آمیزہ
(B) حیوی کمیت (Biomass) کے خمیر اٹھنے (Fermentation) سے پیدا ہونے والی گیس
(C) مخصوص، خام تیل کے کنوؤں سے پیدا ہونے والی گیس
(D) حیوی کمیت کے نامکمل احتراق (Incomplete Combustion) سے پیدا ہونے والی گیس

68. کسی صنعتی علاقے میں سیسہ (Lead) کے لیے معیاری محیطی ہوا کا معیار (The ambient air quality standard) (24 گھنٹے کا اوسط ہے)

(A) $0.65\ \mu g / m^3$
(B) $0.75\ \mu g / m^3$
(C) $1.0\ \mu g / m^3$
(D) $1.5\ \mu g / m^3$

69. کینسر کے علاج میں استعمال کی جانے والی نوبل گیس ہے۔

(A) Radon
(B) Krypton
(C) Argon
(D) Hellium

70. محقق کے لیے سب سے اہم مہارت / خوبی کون سی ہے؟

(A) سچائی دریافت کرنے کی چاہ (Desire to discover the truth
(B) ترسیلی مہارت (Communication Skill)
(C) معطیات جمع کرنے کی صلاحیت (Ability to gather Data)
(D) سخت کوشی کی صلاحیت (Ability to Work Hard)

71. وقوفی نظریۂ تدریس (Cognative Theory of Teaching) کس نے رائج کی؟

(A) David Berliner
(B) Donald T. Campbell
(C) Egon Brunswik
(D) N.L. Gage

72. بچوں کی ترقی کے لیے درکار خوشگوار ماحول کا اہم ترین جز ہے۔

(A) اچھا اسکول اور اچھے اساتذہ
(B) گھر کی فراہم کردہ اکتسابی سہولیات
(C) محبت و تحفظ
(D) مناسب رہنمائی

73. نگرانی (Supervision) کا بنیادی مقصد کس میں معاونت ہے؟

(A) طلبہ سے Deal کرنے میں اساتذہ کی
(B) طلبہ زیادہ موثر طور پر سیکھیں
(C) اساتذہ اپنے طریقوں کو بہتر بنائیں
(D) اساتذہ طلبہ کو بہتر طور پر سمجھیں

74. کورونا وائرس کیا ہے؟

(A) وائرس کا ایک بڑا خاندان
(B) Nidovirus خاندان سے متعلق وائرس
(C) A اور B دونوں صحیح
(D) A اور B دونوں غلط

75. ہندوستان کی پہلی جامعہ برائے خواتین (Women University) کون سی ہے۔

(A) Mother Teresa Women University
(B) Avinashilingar University for Women
(C) SPMVV
(D) SNDT

76. NEP-2020 کے مطابق اعلیٰ تعلیم میں موجود (Gross Enrolment Ratio) 26.3 فیصد کو کس سال تک 50 فیصد لے جانے کا نشانہ ہے؟

(A) 2025
(B) 2030
(C) 2035
(D) 2045

77۔ ان میں سے کون سا عمل تدریسی مہارتوں (Teaching Skills) میں شامل نہیں ہے؟

(A) کا تختہ سیاہ (Blackboard Black)
(B) سوالات کرنا (Questioning)
(C) تمام طلبہ سے انصاف کرنا
(D) مثالوں کے ذریعے وضاحت کرنا

78۔ آئین ہند کی دفعہ 350A کے تحت صدر جمہوریہ کسی بھی ریاست کو __________ کے ضمن میں ہدایت دے سکتے ہیں۔

(A) پرائمری سطح پر مادری زبان میں تعلیم کی سہولت
(B) پرائمری سطح پر معیاری تعلیم کی سہولت
(C) سکنڈری سطح پر مفت تعلیم کی سہولت
(D) لڑکیوں کے لیے علیٰحدہ اسکول کی سہولت

79۔ تعلیم کے شعبے میں NMM کا مطلب ہے۔

(A) National Meritime Museum
(B) National Mission for Mentoring
(C) New Multidisciplinary Mission
(D) Net Market Makers

80۔ NEP-2020 کے تحت ملک میں مستقبل قریب میں اسکول کے کس درجے سے ووکیشنل ایجوکیشن کا آغاز ہوگا؟

(A) درجہ 3
(B) درجہ 4
(C) درجہ 5
(D) درجہ 6

81۔ ''تعلیم وہ طاقتور ترین ہتھیار ہے جسے آپ دُنیا کو بدلنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں'' یہ قول کس کا ہے؟

(A) ڈاکٹر رادھا کرشنن
(B) ڈاکٹر ذاکر حسین
(C) ابراہم لنکن
(D) نیلسن منڈیلا

82۔ NEP-2020 میں تعلیمی نظام کو.................مرکوز بنانے پر زور دیا گیا ہے۔

(A) اقلیت
(B) ہندی
(C) بھارت
(D) سنسکرت

83۔ کسی استاد کو اپنے طریقۂ تدریس کا.................ہونا چاہیے۔

(A) کولمبس
(B) مُقلِد
(C) رہنما
(D) دوست

84۔ ذیل میں مختلف فلسفیوں کے نام اوران کے متعلقہ مکاتبِ فکر (Schools of thought) دو کالموں (الف) اور (ب) میں دیئے گئے ہیں۔ صحیح جوڑیوں کی نشاندہی دیئے گئے Code کے ذریعے کیجیے۔

| کالم(الف) | کالم(ب) |
|---|---|
| (i) سقراط | (1) عملیت (Pragmatism) |
| (ii) جان ڈیوی | (2) عینیت (Idealism) |
| (iii) پلوٹو | (3) حقیقت (Realism) |
| (iv) ارسطو | (4) مارکسزم (Marxism) |
| | (5) تعمیریت (Constructivism) |
| | (6) یونانی فلسفہ (Greek Philosophy) |

(A) (6) -i (1) -ii (2) -iii (3) -iv

(B) (5) -i (6) -ii (1) -iii (3) -iv

(C) (3) -i (1) -ii (2) -iii (5) -iv

(D) (4) -i (3)-ii (1) -iii (6) -iv

85۔ تدوین نصاب کا اُصول نہیں ہے۔

(A) طفل مرکوزیت (Child centerdness)

(B) لچک اور تنوع (Flexibility & Variety)

(C) ہم رشتگی (Correction)

(D) آسانی اور سہولت (Ease & facility)

86۔ NEP-2020 کو مرکزی کابینہ نے کب منظوری دی؟

(A) 29/ جولائی 2020

(B) 30/ جولائی 2020

(C) 31/ جولائی 2020

(D) یکم اگست 2020

87۔ Mind Mapping کس نے متعارف کروائی؟

(A) Prof. Allen

(B) Tony Buzan

(C)Ruskin

(D) Beard

88۔ Waldorf Education وہ تعلیمی فلسفہ ہے جس میں ____________ پر زور دیا جاتا ہے۔

(A) طفل مرکوز تعلیم

(B) اپنے علم کی تعمیر خود کرنے

(C) مشق کے ذریعے تدریسی مہارت

(D) تعینِ قدر کو مسلسل اور جامع بنانے

89۔ مہاتما گاندھی کو ___________ کہا جاتا ہے۔

(A) Democratic Idealist
(B) Socialistic Pragmatist
(C) Practical Idealist
(D) Ideal Naturalist

90۔ ___________ کو انفرادی نفسیات (Individual Psychology) کا بانی کہا جاتا ہے۔

(A) Carl Jung
(B) Sigmund Freid
(C) Abraham Maslow
(D) Alfred Adler

91۔ ___________ نے یونیورسٹی آف مدراس میں شعبۂ نفسیات قائم کیا تھا۔

(A) سدھیر ککر
(B) گنا موڈیٹن بوز
(C) امیت ابراہم
(D) سیموئل جے جان

92۔ موثر اسکول انتظامیہ (Effective School Management) کا ایک کامیاب Criteria ہے۔

(A) اہداف کی منصوبہ بندی
(B) کارکردگی میں بہتری
(C) مستقبل کی کارکردگی پر زور
(D) خواص کی شمولیت

93۔ ماحولیاتی تعلیم دی جانی چاہیے کیونکہ

(A) اس سے ماحولیاتی آلودگی متاثر ہوتی ہے
(B) ماحول زندگی کا اہم حصہ ہے
(C) اس سے اساتذہ کو ملازمت حاصل ہوگی
(D) ماحول سے چھٹکارہ پانا ممکن نہیں ہے

94۔ Gender studies ایک ___________ میدانِ علم ہے۔

(A) Single disciplinary
(B) Intra disciplinary
(C) Multidisciplinary
(D) Rigid

95۔ ہندی لفظ آنوسندھان (Anusandhan) سے مراد ہے۔

(A) مقصد کو پانا
(B) ہدف (target) کو رُخ کرنا
(C) مقصد پر عمل آوری کرنا
(D) مقصد کے حصول کے لیے التجا کرنا

96۔ تاریخی لحاظ سے دائیں سے بائیں کون سی صعودی ترتیب صحیح ہے؟

(A) یونیورسٹی ایجوکیشن کمیشن، سکنڈری ایجوکیشن کمیشن، ایجوکیشن کمیشن
(B) ایجوکیشن کمیشن، سکنڈری ایجوکیشن کمیشن، یونیورسٹی ایجوکیشن کمیشن

(C) سکنڈری ایجوکیشن کمیشن، یونیورسٹی ایجوکیشن کمیشن، ایجوکیشن کمیشن

(D) یونیورسٹی ایجوکیشن کمیشن، ایجوکیشن کمیشن، سکنڈری ایجوکیشن کمیشن

97۔ فلم 3 Idiots کس کتاب کی بنیاد پر تیار کی گئی؟

(A) Three point someone (B) Five point someone

(C) One point someone (D) Some point three men

98۔ 'Teaching in Secondary Schools' اس کتاب کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) N.L. Bossing (B) Bruce R. Joyce

(C) Emily Calhoun (D) Marsha Weil

99۔ POSDCORB میں 'S' کا مطلب کیا ہوتا ہے؟

(A) Selecting (B) Schooling

(C) Successing (D) Staffing

100۔ The Four Pillars of Education کے ستونوں کا صحیح سٹ کون سا ہے؟

(A) Learning to know ‘ Learning to do ‘ Learning to live together ‘ Learning to learn

(B) Learning to know ‘ Learning to do ‘ Learning to live together ‘ Learning to be

(C) Learning to know ‘ Learning to do ‘ Learning together ‘ Learning to teach

(D) Learning to know ‘ Learning to do ‘ Learning together ‘ Learning to feel

☆☆☆

ROUGH WORK

ROUGH WORK

ROUGH WORK

ROUGH WORK